HBL PAKISTAN SUPER LEAGUE

# "تیار ہیں" کی ریلیز پر تمام اسٹیک ہولڈرز مسرور

- "تیار ہیں" لیگ کے مکمل ایڈیشن کے پاکستان میں انعقاد پر جشن مناتے مداحوں کی حقیقی ترجمانی کرتا ہے، چیئرمین پی سی بی
- "ایچ بی ایل پی ایس ایل فائیو کا آفیشل ہیش ٹیگ "ایچ بی ایل پی ایس ایل فائیو" اور "تیار ہیں" ہیں

**لاہور،28جنوری2020:**

ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ2020کا آفیشل ترانہ "تیار ہیں" کے لانچ کی تقریب 28 جنوری بروز منگل کو لاہور کے ایک مقامی ہوٹل میں منعقد کی گئی۔ لیگ میں شامل تمام اسٹیک ہولڈرز نے تقریب میں شرکت کی جہاں حاضرین کو "تیار ہیں"، ملک کے صف اول کے ٹیلی ویژن نیوز چینلز پر نشر ہونے سے قبل سنوایا گیا۔

ایچ بی ایل پی ایس ایل فائیو کا آفیشل ترانہ ایچ بی ایل پی ایس ایل کے یوٹیوب چینل پر موجود ہے۔ اب ایونٹ سے قبل اور میچز کے دوران وینیوز پر آفیشل ترانہ مسلسل بجایا جاتا رہے گا۔

ترانے کے لانچ کی تقریب میں چھ فرنچائزز، اسپانسرز، میڈیا اور پی سی بی کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اس موقع پر شرکاء نے ایچ بی ایل پی ایس ایل فائیو کے آفیشل ترانے کو خوب سراہا، جو مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی ایچ بی ایل پی ایس ایل فائیو کے مکمل ایڈیشن کے پاکستان میں انعقاد پر جوش و خروش کی عکاسی کرتا ہے۔

"تیار ہیں" کے باضابطہ لانچ سے آدھا گھنٹہ قبل تقریب میں ترانہ بجانے کے بعد تمام اسٹیک ہولڈرز کے درمیان ایک مختصر اًسوال و جواب کا سیشن ہوا۔ اس سیشن میں ٹیموں کے نمائندگان، کھلاڑیوں، سینئر ممبران اور میڈیا اراکین نے شرکت کی۔ سوال وجواب میں شریک حاضرین نے ایچ بی ایل پی ایس ایل کے گذشتہ ایڈیشنز سے متعلق اپنی یادیں تازہ کرنے کے ساتھ آئندہ ایڈیشن سے متعلق توقعات کا بھی اظہار کیا۔

**احسان مانی، چیئرمین پی سی بی:**

چیئرمین پی سی بی احسان مانی نے کہا کہ آفیشل ترانے کے لانچ کے ساتھ ہی ایچ بی ایل پی ایس ایل فائیو کی مارکیٹنگ مہم کا آغاز بھی ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آفیشل ترانہ "تیار ہیں" لیگ کے مکمل ایڈیشن کے پاکستان میں انعقاد پر جشن مناتے مداحوں کی حقیقی ترجمانی کرتا ہے ۔

چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ اس تقریب کے کامیاب انعقاد سے واضح ہوگیا کہ ایونٹ میں شریک تمام اسٹیک ہولڈرز ایک دوسرے کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، انہیں امید ہے کہ لیگ کا آئندہ ایڈیشن کامیابی کے نئے معیار قائم کرے گا۔

احسان مانی نے کہا کہ وہ اس کامیاب تقریب کے انعقاد پر پی سی بی کی ٹیم کے مشکور ہیں اور انہیں امید ہے کہ ٹیم میں شامل تمام افراد اسی محنت اور لگن کے ساتھ ایک دوسرے کے ساتھ مل کر 22 مارچ تک کام کرتے رہیں گے۔

**عاطف رانا، سی ای او لاہور قلندرز:**

عاطف رانا کا کہنا ہے کہ "تیار ہیں" جوش و جذبے سے بھرپور ہے اور انہیں امید ہے کہ یہ ترانہ آئندہ چند روز میں ترقی کی نئی بلندیوں کو چھوئے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ لیگ ارتقاء کے عمل سے گزر رہی ہے اور تمام اسٹیک ہولڈرز کی کوشش ہے کہ آنے والا ہر ایڈیشن پچھلے ایڈیشن سے بہتر ہو۔

**جاوید آفریدی، مالک پشاور زلمی:**

جاوید آفریدی کا کہنا ہے کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل فائیو کے آفیشل ترانے کے لانچ کی تقریب میں ان کی شرکت پی سی بی اور فرنچائزز کے درمیان خوشگوار تعلقات کی عکاسی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ لیگ پاکستان کی ہے اور ہم اسے کامیاب کرنے کے لیے یکجاہیں۔ جاوید آفریدی نے کہا کہ یہ ترانہ ایچ بی ایل پی ایس ایل فائیو کے تمام میچز کے پاکستان میں انعقاد پر شائقین کرکٹ کے جوش وخروش کی ترجمانی کرتا ہے۔

**عالمگیر خان ترین، مالک ملتان سلطانز:**

عالمگیر خان ترین نے کہا کہ وہ اس سے قبل کسی ایسے ایونٹ میں شریک نہیں تھے جہاں تمام اسٹیک ہولڈرز ایک چھت تلے آفیشل ترانے کی لانچ کا جشن منارہے ہوں۔ انہوں نے کہا کہ یہ ترانہ سننے کے بعد وہ ایونٹ کے آغاز کا بے قراری سے انتظار کر رہے ہیں۔

**ندیم عمر، مالک کوئٹہ گلیڈی ایٹرز:**

ندیم عمر نے کہا کہ "تیار ہیں" ایک بہترین ترانہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل کا ہر آنے والے ترانہ پچھلے سے بہتر ہوتا ہے اور یہی اس ایونٹ کی کامیابی کا راز ہے۔

**علی نقوی، مالک اسلام آباد یونائیٹڈ:**

علی نقوی کو یقین ہے کہ اس گانے کی دھن اسٹیڈیم میں موجود شائقین کرکٹ کو جھومنے پر مجبور کردے گی۔ انہوں نے کہا کہ "تیار ہیں" آج سے ان کی پلے لسٹ کا حصہ بن چکا ہے۔

**سلمان اقبال، مالک کراچی کنگز:**

سلمان اقبال کا کہنا ہے کہ "تیار ہیں" پاکستانی ثقافت کی ترجمانی کرتا ہے اور وہ پر امید ہیں کہ یہ ترانہ اب شاہراہِ فیصل سے عبد الستار ایدھی روڈ سے گزرتی ہر گاڑی میں بجتا نظر آئے گا۔

**نوید اصغر، چیف مارکیٹنگ آفیسر ایچ بی ایل:**

نوید اصغر نے کہا کہ ایچ بی ایل، پاکستان سپر لیگ کے آغاز سے اب تک لیگ کا اہم اسپانسر ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ یہ ذکر کرتے ہوئے خوشی محسوس کر رہے ہیں ایچ بی ایل پی ایس ایل ملک کا سب سے بڑا اسپورٹس ایونٹ ہے۔

**عقیل احمد، سینئر صحافی:**

سینئر صحافی عقیل احمد کا کہنا ہے کہ میڈیا پی سی بی کا ایک اہم اسٹیک ہولڈر رہے جو مختلف ایونٹس کے دوران پاکستان کرکٹ بورڈ کو بھرپور کوریج فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کی تقریب میں شرکت سے انہیں پی سی بی کا اعتماد حاصل ہوا ہے۔

عقیل احمد نے کہا کہ وہ اپنے ساتھیوں کی جانب سے یقین دلاتے ہیں کہ میڈیا ایچ بی ایل پی ایس ایل کی بہترین کوریج کرتے ہوئے پاکستان کا مثبت چہرہ اجاگر کرنے کی کوشش کرے گا، وہ پر امید ہیں کہ ایونٹ کے دوران میڈیا رپورٹنگ سے دنیا بھر میں مثبت پیغام جائے گا جو غیر ملکی ٹیموں کو پاکستان لانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

"تیار ہیں" کی موسیقی اور دھن سننے والے کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہے جو منفرد انداز میں ایچ بی ایل پی ایس ایل فائیو کے پاکستان میں انعقاد کا جشن مناتی ہیں۔

آفیشل ترانے کے لانچ کے ساتھ ہی ایچ بی ایل پی ایس ایل کی مارکیٹنگ مہم کا آغاز بھی کیا جارہا ہے۔ ایچ بی ایل پی ایس ایل فائیو کے لیے مربوط مارکیٹنگ مہم کا آغاز 28 جنوری بروز پیر سے ہو گا۔ مہم کے تحت آفیشل ہیش ٹیگ #HBLPSLV اور

#TayyarHain ہیں۔

"تیار ہیں" کی ویڈیو ملک بھر میں ایونٹ کے انعقاد پر شائقین کرکٹ کی خوشی اور جوش و جذبہ کی عکاسی کرتی ہے۔

"تیار ہیں" میں پاکستان کے معروف راک گلوکار علی عظمت، فوک گلوکار عارف لوہار، "آواز" بینڈ سے شہرت پانے والے گلوکار ہارون رشید اور مشہور پاپ گلوکار عاصم اظہر نے آواز کا جادو جگایا ہے۔ آفیشل ترانے کی ہدایتکاری معروف موسیقار ذوالفقار جبار خان (ذلفی) اور کمال خان (لال کبوتر) نے کی ہے۔

"تیار ہیں" کی موسیقی میں تُنبا، چمٹا، رباب اور ہارمونیم سمیت کل 22 سازوں کا استعمال کیا گیا ہے۔ ترانے کی آفیشل ویڈیو میں قومی کرکٹ اسٹارز بابر اعظم، حسن علی، رومان رئیس، سرفراز احمد، شان مسعود اور شاہین شاہ آفریدی بھی جلوہ گر ہوئے۔

– ENDS –


Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk


## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

**PCB Headquarters**
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4